الدرس الثاني

دوسرا درس

أنواع النجاسة

نجاست کی قسمیں

آگے پیچھے کے راستوں سے خارج ہونے والی نجاست کی قسمیں:

1- پیشاب وپاخانہ۔

2- وَدِی: ایک سفید گاڑھا سامادہ ہے جو کہ پیشاب کے بعد نکلتا ہے۔

3- مَذِی: سفید، لیس دار مادہ ہے جو کہ شہوت میں تیزی کے وقت نکلتا ہے۔

4- منی طاہر ہے اگر تازہ ہو تو اسے دھونا چاہئے خشک ہو تو کھرچ دینا کافی ہے۔

5- جن جانوروں کا گوشت نہیں کھایا جاتا ان کا پیشاب وپاخانہ۔ البتہ جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے ان کا پیشاب وپاخانہ نجس نہیں ہے۔

6- حیض ونفاس کا خون

ان تمام نجاستوں کو دھونا ضروری ہے، بدن وکپڑے سے ان کو صاف کرنا بھی ضروری ہے۔

البتہ مذی کا حکم یہ ہے کہ بس کپڑے پر چھینٹیں ماردیں۔

احکام نجاست:

① اگر انسان کو کوئی چیز لگ جائے اور اسے معلوم نہ ہو کہ آیا یہ نجس ہے یا طاہر ہے تو اس بارے میں پوچھنا ضروری نہیں ہے نہ اسے دھونا ضروری ہے اس لئے کہ ہر چیز کی اصل طہارت ہے۔

② ایک انسان نماز سے فارغ ہو گیا اور اسے اپنے کپڑے یا جسم پر نجاست ملی اسے پہلے سے اس کا علم نہیں تھا یا اگر تھا بھی تو بھول چکا تھا اب اس کی نماز صحیح ہے۔

③ جس آدمی کو کپڑے پر لگی ہوئی نجاست مل نہیں رہی اس پر لازم ہے کہ اسے تلاش کرے اور جس جگہ کے بارے میں غالبا گمان ہو اسے دھوڈالے، غالب گمان نہ ہو تو پورا کپڑا دھوڈالے۔